13 فروری 2014ء

بینک/ترقیاتی مالی ادارے/مائیکروفنانس بینک خصوصی افراد کو سہولتیں فراہم کریں: اسٹیٹ بینک کی ہدایت

اسٹیٹ بینک نے بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں/مائیکروفنانس بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ معذوری میں مبتلا خصوصی افراد کو سہولتیں فراہم کریں اوران کے لیے بینکوں کی شاخوں اوراے ٹی ایم کیبنوں میں رسائی کو آسان بنائیں۔ آج جاری کیے جانے والے سرکلر میں ہدایت کی گئی ہے کہ بینکاری ٹرانزیکشن کرنے یا کسی دیگر مالی سہولت سے استفادے کی خواہش رکھنے والے تمام خصوصی افراد کے ساتھ بینک/ترقیاتی مالی ادارے/مائیکروفنانس بینک ترجیحی سلوک روا رکھیں یا قطار کے بغیر انہیں مدد فراہم کی جائے۔

اسٹیٹ بینک نے بینکوں/ ترقیاتی مالی اداروں/ مائیکروفنانس بینکوں کو مزید ہدایت کی ہے کہ وہ جہاں ممکن ہو سکے موجودہ شاخوں اوراے ٹی ایم کیبنوں کے داخلے پر ریمپ (ramp) تعمیر کریں تاکہ خصوصی افراداور وہیل چیئر استعمال کرنے والوں کی رسائی آسان بنائی جاسکے۔ بینکوں/ ترقیاتی مالی اداروں/ مائیکروفنانس بینکوں کو کہا گیا ہے کہ وہ اپنے نیٹ ورک کے توسیعی منصوبے کے سلسلے میں کوئی بھی نئی شاخ کھولتے یا اے ٹی ایم کیبن نصب کرتے وقت ریمپ تعمیر کرنے کا خصوصی طور پر خیال رکھیں۔ اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ نئے نصب کیے جانے والے اے ٹی ایم کیبنوں کی ساخت کو اس انداز میں ڈیزائن کیا جائے کہ خصوصی افراداور وہیل چیئر استعمال کرنے والوں کی ان تک رسائی ممکن بنائی جاسکے۔

سرکلر کے مطابق اسٹیٹ بینک بینکوں/ ترقیاتی مالی اداروں/ مائیکروفنانس بینکوں سے یہ توقع کرتا ہے کہ وہ مکالماتی اے ٹی ایم (talking ATMs) کی تنصیب کے قابلِ عمل ہونے کا جائزہ لیں اوراس کے لیے دیگر بینکوں کی مشاورت سے شہر کے مختلف مقامات پر کم ازکم ایک مکالماتی اے ٹی ایم کی تنصیب کو ممکن بنائیں۔ بینکوں کو یہ ہدایت بھی کی گئی ہے کہ لوگوں کو ایسی مکالماتی اے ٹی ایم کی موجودگی کے مقامات سے آگاہ کریں۔

اسٹیٹ بینک نے بینکوں/ ترقیاتی مالی اداروں/مائیکروفنانس بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ خصوصی افراد کی سہولت کے لیے مذکورہ اقدامات پر عمل درآمد کے بعد ایسی تمام برانچوں اور اے ٹی ایم کیبنوں کی ایک فہرست اسٹیٹ بینک کو ششماہی بنیاد پر 30 جون 2014ء سے فراہم کرنا شروع کردیں۔

☆☆☆